**STANDARD X** **QEPR**

ഗുണനിലവാരമുള്ള വിദ്യാഭ്യാസം
കുട്ടികളുടെ അവകാശം

# ഒരുക്കം 2017

ഒരു തീവ്രപഠന പരിപാടി

# ഉർദു

**പൊതുവിദ്യാഭ്യാസ വകുപ്പ്, കേരളം**


# ഒരുക്കം പ്രവർത്തനങ്ങൾ – മാർഗ്ഗരേഖ

മുൻ വർഷങ്ങളിലേതു പോലെ കൂടുതൽ പരീക്ഷാസഹായിയായി പത്താം തരം വിദ്യാർത്ഥികൾക്ക് **ഒരുക്കം 2017** കൈകളിലെത്തുകയാണ്. ചിട്ടയായ പ്രവർത്തനങ്ങളിലൂടെ മുഴുവൻ കുട്ടികളെയും മികച്ച നിലവാരത്തിലെത്തിക്കുകയാണ് ഇതിന്റെ ലക്ഷ്യം. ഓരോ യൂണിറ്റും വിശകലനം ചെയ്യുകയും കുട്ടികളുടെ ഉത്തരങ്ങൾ അവലോകനം ചെയ്ത് അതിന്റെ അടിസ്ഥാനത്തിൽ വിവിധ വ്യവഹാരരൂപങ്ങളിലൂടെ കടന്നു പോകാനുള്ള അവസരമൊരുക്കുകയാണ് ഈ വർഷം ചെയ്തിരിക്കുന്നത്. പ്രവർത്തനങ്ങൾക്കിടയിൽ പഠിതാക്കൾ സ്വയം വിശകലനം നടത്തി താൻ കണ്ടെത്തിയ ഉത്തരങ്ങൾ വിശകലനം ചെയ്യുകയും വേണം. അധ്യാപകർ പ്രശ്നങ്ങൾ കുട്ടികളുമായി പങ്കുവയ്ക്കുകയും മറികടക്കാനാവശ്യമായ സഹായങ്ങൾ നൽകുകയും വേണം. ഇതിലെ പ്രവർത്തനങ്ങൾ സമയബന്ധിതമായി പൂർത്തിയാക്കേണ്ടതും കുട്ടികളുടെ മനസ്സിൽ ഉറപ്പിക്കേണ്ടതുമാണ്. ഇതിന്റെ വിജയത്തിന് അധ്യാപകർ, കുട്ടികൾ, രക്ഷകർത്താക്കൾ എന്നിവരുടെ സഹകരണവും കൂട്ടായ്മയും ഉണ്ടാകുമെന്നും അതിലൂടെ മികച്ച വിജയം കൈവരിക്കുമെന്നും പ്രതീക്ഷിച്ചുകൊണ്ട്.....

ജനുവരി 11 മുതൽ നടപ്പാക്കാനുള്ള പഠനപാക്കേജാണിത്. ഇവ എല്ലാ വിദ്യാലയത്തിലും നടന്നു എന്ന് പ്രഥമാധ്യാപകർ ഉറപ്പുവരുത്തണം. അതിനുള്ള നിർദേശങ്ങൾ ചുവടെ ചേർക്കുന്നു.

- ജനുവരി ആദ്യവാരത്തിൽ എസ്.ആർ.ജി. യോഗം ചേർന്ന് പരിപാടികൾ ആസൂത്രണം ചെയ്യണം.
- പി.ടി.എ., എം.പി.ടി.എ., ജനപ്രതിനിധികൾ - ഇവരുടെ യോഗം വിളിച്ച് പ്രവർത്തനങ്ങൾ വിശദമായി ആസൂത്രണം ചെയ്യണം.
- ജനുവരി 11 മുതൽ ഒരുക്കം പ്രവർത്തനങ്ങൾ നടക്കുന്നു എന്ന് ഉറപ്പുവരുത്തണം.
- കുട്ടികൾക്കാവശ്യമായ ഭക്ഷണം തയ്യാറാക്കി നൽകണം.
- ഓരോ അധ്യാപകനും ദത്തെടുത്ത കുട്ടികളുടെ പഠന പുരോഗതി നിരന്തരം വിലയിരുത്തി ചർച്ചകളിലൂടെ മെച്ചപ്പെടുത്തണം.
- 8,9 ക്ലാസ്സുകളിലും സമാന പഠനപ്രവർത്തനങ്ങൾ നടക്കുന്നുണ്ടെന്ന് ഉറപ്പാക്കണം.

ചിട്ടയായ പ്രവർത്തനങ്ങളിലൂടെ ഗുണമേന്മയുള്ള വിദ്യാഭ്യാസം കുട്ടികളുടെ അവകാശം എന്ന ലക്ഷ്യത്തിലെത്തിച്ചേരാൻ നമുക്ക് ഒത്തൊരുമിച്ച് പ്രവർത്തിക്കാം.




**PROF. C. RAVEENDRANATH**

MINISTER FOR EDUCATION

GOVERNMENT OF KERALA


## സന്ദേശം

കേരളത്തിലെ സ്കൂൾ വിദ്യാഭ്യാസം നേരിടുന്ന പ്രശ്നങ്ങൾ പഠിച്ച് അവ പരിഹരിക്കുന്നതിനുള്ള ക്രിയാത്മക പ്രവർത്തനങ്ങൾ നടപ്പിലാക്കുക എന്ന ലക്ഷ്യത്തോടെ 2006ൽ ആരംഭിച്ച **ഗുണമേന്മയുള്ള വിദ്യാഭ്യാസം കുട്ടികളുടെ അവകാശം** (Quality Education Pupil's Right - QEPR) എന്ന പദ്ധതി പത്തുവർഷം പൂർത്തിയാക്കുകയാണ്. സ്കൂളുകളിലെ ലാബ്, ലൈബ്രറി സൗകര്യങ്ങളുടെ മെച്ചപ്പെടുത്തൽ, പോഷകസമൃദ്ധമായ ഉച്ചഭക്ഷണം, കൃത്യമായി ആസൂത്രണം ചെയ്ത് നടപ്പിലാക്കുന്ന പഠനപ്രവർത്തനങ്ങൾ, ഫലപ്രദമായ മോണിറ്ററിംഗ് എന്നിവയിലൂടെ പിന്നോക്കം നിന്നിരുന്ന വിദ്യാലയങ്ങൾ ശ്രദ്ധേയമായ പുരോഗതി കൈവരിച്ചു കഴിഞ്ഞു. കൂട്ടായ പരിശ്രമങ്ങളിലൂടെ ലഭിച്ച നേട്ടങ്ങളെ സ്ഥായിയായി നിലനിർത്തുകയും ആധുനിക സാങ്കേതികവിദ്യയുടെ സാധ്യതകൾ കൂടി ഉപയോഗിച്ചു സ്കൂളുകളുടെ നിലവാരം കൂടുതൽ മികവുറ്റതാക്കി അന്താരാഷ്ട്ര നിലവാരത്തിലേക്ക് ഈ പൊതു വിദ്യാലയങ്ങളെ എത്തിക്കുകയും ചെയ്യേണ്ടിയിരിക്കുന്നു. ഈ ഉദ്ദേശ്യത്തോടെ ഒട്ടേറെ പ്രവർത്തനങ്ങൾ ഇപ്പോൾ ആരംഭിച്ചുകഴിഞ്ഞിട്ടുണ്ട്. സ്കൂളുകളുടെ ഭൗതീകസൗകര്യങ്ങളോടൊപ്പം അക്കാദമിക നിലവാരവും ഉയർത്തുന്നതിനുള്ള ശ്രമത്തിന്റെ ഭാഗമാണ് **ഒരുക്കം** എന്ന ഈ കൈപുസ്തകം. കുട്ടികൾക്ക് ഈ പഠനസഹായി ഏറെ സഹായകരമാകുമെന്ന് പ്രതീക്ഷിക്കുന്നു. ഈ ഉദ്യമത്തിന് എല്ലാ ഭാവുകങ്ങളും നേരുന്നു.

സി.രവീന്ദ്രനാഥ്


Office : Vth Floor, Room No. 505

Government Secretariat Annexe, Thiruvananthapuram-695 001

Phone-Office : 0471-2327574 Fax : 0471-2332133 Res : 0487-2383229

Mobile : 9447973300 Website : www.ravindranath.org

## ആമുഖം

## കേരളത്തിലെ സ്കൂളുകൾ മികച്ച വിജയത്തിലേക്ക്


തെരഞ്ഞെടുക്കപ്പെട്ട വിദ്യാലയങ്ങളിൽ 2006ൽ ആരംഭിച്ച **ഗുണമേന്മയുള്ള വിദ്യാഭ്യാസം കുട്ടികളുടെ അവകാശം (QEPR)** പദ്ധതി അതിന്റെ ലക്ഷ്യം നേടി മുന്നേറുകയാണ്. അക്കാദമികവും ഭൗതികവുമായ തലങ്ങളിൽ നിരവധി മുന്നേറ്റങ്ങൾ കൈവരിക്കുവാൻ ഈ പദ്ധതിയിലുൾപ്പെട്ട വിദ്യാലയങ്ങൾക്ക് കഴിഞ്ഞിട്ടുണ്ട്. കേവല വിജയമല്ല മറിച്ച് മുഴുവൻ വിദ്യാർത്ഥികളെയും മികച്ച ഗ്രേഡിന് ഉടമകളാക്കുക എന്ന ലക്ഷ്യമാണ് നമ്മൾ ആഗ്രഹിക്കുന്നത്. ഈ ലക്ഷ്യം മുന്നിൽ കണ്ടുകൊണ്ട് ഒട്ടേറെ പ്രവർത്തനങ്ങൾ ആവിഷ്കരിച്ചു നടപ്പാക്കി വരുകയാണ്.

മികച്ച വിജയം ലക്ഷ്യമാക്കി 2017 ജനുവരി 11 മുതൽ എല്ലാ ക്യൂ.ഇ.പി.ആർ വിദ്യാലയങ്ങളിലും പ്രത്യേക പഠനപാക്കേജുകൾ നടത്തുവാൻ തീരുമാനിച്ചിട്ടുണ്ട്. ഈ പരിപാടിയുടെ കാര്യക്ഷമമായ നടത്തിപ്പിന് വേണ്ടിയാണ് **ഒരുക്കം** എന്ന പഠനസഹായി തയ്യാറാക്കിയിട്ടുള്ളത്. മാറിയ പാഠപുസ്തകം കുട്ടികളിലുണ്ടാകാവുന്ന മാനസിക പിരിമുറുക്കങ്ങളിൽ നിന്ന് കുട്ടികളെ മോചിപ്പിക്കുന്നതിനും അവരിൽ ആത്മവിശ്വാസം ഉണ്ടാക്കുന്നതിനും സർഗ്ഗാത്മകമായ പുനരനുഭവപ്രവർത്തനങ്ങൾ, മൂല്യനിർണയ പ്രവർത്തനങ്ങൾ, അവയുടെ വിശകലനങ്ങൾ എന്നിവ ഉൾക്കൊള്ളുന്ന **ഒരുക്കം** പ്രയോജനപ്പെടും എന്നതിൽ സംശയമില്ല.

വിദ്യാർത്ഥികൾ, രക്ഷിതാക്കൾ, പ്രാദേശിക ഭരണകൂടങ്ങൾ, വിദ്യാഭ്യാസ പ്രവർത്തകർ തുടങ്ങിയവരുടെ കൂട്ടായ പരിശ്രമത്തിലൂടെ ഗുണനിലവാരത്തോടെ മികച്ച വിജയം നേടിയെടുക്കാനുള്ള വർഷമായി 2017 മാറട്ടെ എന്നും ഈ ലക്ഷ്യം നേടാൻ എല്ലാ വിദ്യാലയങ്ങൾക്കും കഴിയട്ടെ എന്നും ആശംസിച്ചുകൊണ്ട്



വിജയാശംസകളോടെ



**കെ. വി. മോഹൻ കുമാർ ഐ.എ.എസ്**
പൊതു വിദ്യാഭ്യാസ ഡയറക്ടർ

# پیش لفظ

حضرات!

SSLCامتحان میں تمام بچّوں کی ہمّت افزائی اور ان کی خود اعتمادی بڑھانے کے لیے مختلف پروگرام ہوتے رہتے ہیں۔ اس کے لیے کیرالا سرکار کی طرف سے چند سال سے 'اورکّم' (ORUKKAM) کتابچہ بھی تیار کرتے رہتے ہیں اس کے ذریعے تعلیمی سرگرمیوں میں پیچھے ہونے والے بہت سے طلباؤں کو آگے لا سکے ہیں۔ اس سال میں بھی 'اورکّم' تیار کیا گیا ہے۔ یہ کتابچہ نظم، افسانہ، بیانیہ، گفتگو وغیرہ زبانی زمرّے کی لحاظ سے تیار کی گئی ہے۔ اس کے لیے کئی سرگرمیاں اس میں دی گئی ہیں۔ وہ امتحان میں آنے کا امکان ہے۔

امید ہے کہ آپ حضرات اس کتابچہ سے فائدہ اٹھائیں گے اور کامیابی کے مراحل طے کریں گے۔

---


**Prepared by**

**Ibrahimkutty.P.M,** HSA Urdu, NMHSS Thirunavaya, Malappuram.

**Abdullakutty K.P,** HSA Urdu, GGVHSS Vengara, Malappuram.

**Faisal V.P,** HSA Urdu, GHSS Chalissery, Palakkad.

**Anees C,** HSA Urdu, DUHSS Thootha, Malappuram.

# نظم

دسویں جماعت کی درسی کتاب کے پانچ یونٹوں میں کُل چھ نظمیں موجود ہیں۔ ان میں نظم، گیت ، غزل جیسی مختلف اصنافِ سُخن شامل ہیں۔ان میں ہر ایک کا موضوع الگ الگ ہوتا ہے۔نظم کی تدریس کے لیے ہم مختلف قسم کی سرگرمیوں کا سہارا لے سکتے ہیں۔اس مہم میں چند جداگانہ سرگرمیاں یہاں لانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

## معیّن صلاحیتیں

- نظمیں پڑھ کر لطف اندوز ہونے کی صلاحیت۔
- نظمیں پڑھ کر مفہوم سمجھنے کی صلاحیت۔

## سرگرمی : ا نظم کا پیغام لکھنا۔

## سرگرمی کے مختلف مراحل

- استاد بچّوں کو گیت کی ایک بند ترنّم کے ساتھ پڑھ کر سنائے۔

اپنی آزادی کو ہم ہرگز مٹا سکتے نہیں
سر کٹا سکتے ہیں لیکن سر جھکا سکتے نہیں
ہم نے صدیوں میں یہ آزادی کی نعمت پائی ہے
سیکڑوں قربانیاں دے کر یہ دولت پائی ہے

- بچّے بھی ساتھ گائیں۔
- پھر پوچھے کہ آپ کا پڑھا ہوا یہ گیت کس کا لکھا ہوا ہے؟

گیت کا نام کیا ہے؟
یہ گیت کہاں گایا ہوا ہے؟

اس نظم کا موضوع کیا ہے؟

- بچّے جواب دے۔ استاد نوٹ کرے۔

جیسے : ستاتی ہے مفلسی، کاغذ کی کشتی، غزل وغیرہ

بچّو، اس کے سوا اور کون کون سی نظمیں آپ نے پڑھی ہیں؟

- استاد بچّوں سے پوچھے کہ

'ستاتی ہے مفلسی' نامی نظم کس کی لکھی ہوئی ہے؟

اس میں شاعر ہم سے کون سا موضوع کا چرچا کر رہا ہے؟

مفلس کی زندگی کیسی ہوتی ہے؟ اور ان کے دن رات کیسے ہیں؟

کون کلمہ بھول جانے والے ہیں؟ کیوں؟

مفلس کی عمر بھر کیا کیا ہو رہی ہے؟ کیوں؟

مفلس کیوں اپنی جان دیتا ہے؟

روٹی کے خوان پر وہ کیا کیا کرتا ہے؟ کس طرح؟

مفلسوں کے حالات دوسروں کے بیچ میں کیا کیا ہیں؟

- استاد تعلیمی سرگرمی چارٹ پر نمائش کرے۔

| |
|---|
| بچّو، شاعر 'ستاتی ہے مفلسی' نامی نظم کے ذریعہ کیا پیغام دینا چاہتا ہے۔ اپنے خیالات پیش کیجیے۔ |

- بچّے اپنے اپنے خیالات لکھ کر پیش کریں۔
- بچّوں کو شعرا کے نام پر گروہ بندی کرے۔

جیسے : فیض احمد فیض، غالب، نظیر اکبر آبادی، سدرشن فاخر

- بچّے گروہ میں اپنے خیالات پیش کریں اور بہتر بنا کر گروہ کی تخلیق پیش کریں۔
- ٹیچر ویرشن نمائش کرے اور پڑھنے کا موقع دے۔

## ٹیچر ویرشن

مشہور عوامی شاعر نظیر اکبرآبادی اس نظم کے ذریعہ ہم سے مفلسی کے بارے میں بہت کچھ کہہ رہا ہے۔ کہ مفلسی کی وجہ سے ہر ایک کی زندگی مصیبت زدہ بن جاتی ہے۔ آدمی کو پیاسا بھوکا رہ کر زیادہ مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ مفلسی کی شدّت کے مارے عالم و فاضل لوگ بھی اپنی عقیدت کو دور پھینکتے ہیں۔ غریب لوگوں کے ساتھ رہنے والوں کی عمر بھر مفلسی کی گرفتاری ہوگی۔ وہ شرم حیا کی زندگی چھوڑ کر کھانا ملنے کے لیے اپنی جان کی قربانی پر بھی تیار ہے۔ ایک ہڈّی کے ٹکڑے کے لیے آپس میں لڑنے والے کتّوں کی طرح مفلس لوگ اپنی روزی روٹی کے لیے لڑتے جھگڑتے ہیں۔ اس نظم کے ذریعہ شاعر نے یہ بتانے کی کوشش کی ہے کہ اصل میں انسان کا حقیقی مسئلہ غریبی ہی غریبی ہے۔

**سرگرمی : ۲ شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیں۔**

**سرگرمی کے مراحل :**

- ایک شعر نمائش کرے اور ترنّم کے ساتھ پیش کرنے کو کہے۔

جو اہلِ فضل عالم و فاضل کہاتے ہیں
مفلس ہوئے تو کلمہ تلک بھول جاتے ہیں

- بچّے مختلف طرزوں میں پیش کریں۔ استاد بھی ایک بار ترنّم کے ساتھ پیش کرے۔
- بعد میں پوچھے کہ

اس شعر میں شاعر کن لوگوں کے بارے میں بتا رہا ہے؟
مفلس ہوئے تو ان کا حال کیسا ہوتا ہے؟

- بچّوں کے جواب چارٹ کرے۔ بچّے شعر کا مفہوم تیار کر کے پیش کریں۔

- ❖ پھر گروہ بندی کر کے تیار کردہ مفہوم کو بہتر بنانے کا موقع دے۔
- ❖ ایک ایک گروہ اپنا تیار کردہ شعر کا مفہوم کلاس میں پیش کرے۔
- ❖ ٹیچر ویرشن نمائش کرے اور پڑھنے کا موقع دے۔بچّے اپنی تخلیقات زیادہ بہتر بنائیں۔

شعر کا مفہوم

یہ شعر اردو کے عوامی شاعر نظیؔر اکبرآبادی کا لکھا ہوا ہے۔ یہ ان کی 'ستاتی ہے مفلسی' نامی نظم سے لیا گیا ہے۔ اس نظم میں انسانی زندگی میں مفلسی سے پڑنے والی مصیبتوں کے بارے میں شاعر بتا رہا ہے۔

اس شعر میں شاعر عالم اور فاضل لوگوں کے بارے میں چرچا کر رہا ہے۔ مفلسی کی شدّت میں وہ لوگ کلمہ تک بھول جاتے ہیں۔ یعنی وہ اپنی عقیدت کو بھی بھول جاتے ہیں۔

## دیگر سرگرمیاں :

☆ شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیں۔

ہر آن ٹوٹ پڑتا ہے روٹی کے خوان پر
جس طرح کتّے لڑتے ہیں ایک استخوان پر

☆ شعر غور سے پڑھیے اور مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیں۔

نہ دنیا کا غم تھا نہ رشتوں کا بندھن
بڑی خوب صورت تھی وہ زندگانی

☆ اشعار کا مفہوم اپنے الفاظ میں تیار کریں۔

یہ دولت بھی لے لو یہ شہرت بھی لے لو
بھلے چھین لو مجھ سے میری جوانی

مگر مجھ کو لوٹا دو بچپن کا ساون
وہ کاغذ کی کشتی وہ بارش کا پانی

☆ شعر کے مفہوم پر چرچا کریں اور اپنے الفاظ میں لکھیں۔

ہم محنت کش جگ والوں سے جب اپنا حصّہ مانگیں گے
اک کھیت نہیں اک باغ نہیں ہم ساری دنیا مانگیں گے

☆ شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیں۔

یاں ساگر ساگر موتی ہیں یاں پربت پربت ہیرے ہیں
یہ سارا مال ہمارا ہے ہم سارا خزانہ مانگیں گے

☆ شعر غور سے پڑھ کر اس کا مفہوم اپنے الفاظ میں تیار کریں۔

ہر دھوپ میں چھاؤں سی ہر سر پہ دعاؤں سی
روتی ہوئی آنکھوں کی بھاشا کو جو پڑھتی تھی

☆ شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں تیار کریں۔

وقت کے طوفان میں بہہ جائیں گے ظلم و ستم
آسماں پر یہ ترنگا عمر بھر لہرائے گا

☆ شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیں۔

لاکھ فوجیں لے کے آئیں امن کا دشمن کوئی
رُک نہیں سکتا ہماری ایکتا کے سامنے

☆ غزل کا یہ شعر غور سے پڑھیے اور مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیں۔

دل ہی تو ہے نہ سنگ و خشت درد سے بھر نہ آئے کیوں؟
روئیں گے ہم ہزار بار کوئی ہمیں ستائے کیوں؟

## معیّن صلاحیت :

- نظمیں پڑھ کر مفہوم سمجھنے کی صلاحیت۔

سرگرمی : ۳ : موضوع پر مبنی شعر لکھنا۔

## سرگرمی کے مراحل :

- استاد کلاس میں درسی کتاب کے چند اشعار نمائش کر کے ترنّم سے پیش کرے اور پوچھے
جیسے : ہر ایک شعر کون کون سی نظم سے لیا گیا ہے؟
نظموں کے موضوعات کیا کیا ہیں؟
- اشعار کے نیچے نظموں کے نام اور موضوع لکھے۔

| | | |
|---|---|---|
| ستاتی ہے مفلسی | : | غریبی اور مفلسی |
| کاغذ کی کشتی | : | بچپن کی یادیں |
| اپنا حصّہ مانگیں گے | : | محنت مزدوری |
| یہ وقت کی آواز ہے | : | حبِّ وطن |
| آپ کی فرمائش | : | غزل |

- پھر بچّوں کو مختلف موضوعات پر لکھے گئے اشعار کے کارڈز بانٹ دے اور ہدایت کرے
- بچّے اپنے کارڈ پر لکھا ہوا شعر پڑھ کر موضوع پہچانیں۔
- ہر بچّہ شعر ترنّم کے ساتھ پیش کر کے مناسب موضوع کے نیچے لٹکا دے۔
- تمام بچّے موضوع کے لحاظ سے اشعار کو 'میری پیاری کتاب' میں لکھیں۔

## دیگر سرگرمیاں :

☆ نیچے دیے ناموں کو الگ الگ گروہ میں لکھیں۔

( غلام علی ، مرزا غالب ، میر تقی میر ، مہدی حسن ، جگجیت سنگھ ، داغ دہلوی )

| غزل گلوکار | غزل گو شعرا |
|---|---|
| ..................... | ..................... |
| ..................... | ..................... |
| ..................... | ..................... |

( ندؔا فاضلی ، نظیؔر اکبرآبادی ، فیض احمد فیضؔ ، مرزا غالبؔ ، سدرشن فاخرؔ، شکیلؔ بدایونی )

ان میں گیت کار کون کون ہیں؟

## معیّن صلاحیت :

- شاعروں پر نوٹ تیار کرنے کی صلاحیت۔

## سرگرمی : ۴ شاعروں کے نام نوٹ تیار کرنا۔

## سرگرمی کے مراحل :

- استاد بچّوں کو چند فلمی نغمہ نگاروں کی تصاویر دکھائے اور ان کے نام بتانے کو کہے۔
- بچّوں کا جواب چارٹ کرے۔

  جیسے : ندؔا فاضلی ، شکیلؔ بدایونی ، ساحؔر لدھیانوی ، کیفؔی اعظمی ، .....
- پھر کلاس میں ندؔا فاضلی کے بارے میں چرچا کرے۔ چند سوالات پوچھے

  ندؔا فاضلی کہاں پیدا ہوئے؟ کب؟

  ان کا پورا نام کیا ہے؟

  ان کی شاعری کی زبان کیسی ہے؟

  ان کی اہم انتخابِ شاعری کون کون سی ہیں؟

  ان کا ملا ہوا اہم ایوارڈ کا نام کیا ہے؟ کب ملا؟

  ان کا انتقال کب اور کہاں ہوا؟

- بچّے اپنے جوابات لکھیں اور چند بچّے پیش کریں۔
- فلمی نغمہ نگاروں کے نام پر بچّوں کی گروہ بندی کرے اور گروہ میں نوٹ بہتر بنائیں۔
- مزید امداد کے لیے استاد چارٹ پر ندؔا فاضلی پر ایک کوائف نمائش کرے۔

| | | |
|---|---|---|
| نام | : | مقتدا حسن ندؔا فاضلی |
| پیدائش | : | ۱۲؍اکتوبر ۱۹۳۸ء گوالیار میں |
| شمار | : | جدید شاعر، فلمی گیت کار... |
| شاعری کی زبان | : | عام فہم اور آسان |
| اہم ایوارڈ | : | پدم شری ۲۰۱۳ء میں |
| انتخابِ شاعری | : | لفظوں کے پھول، مور ناچ، گھویا ہوا سا کچھ، دنیا اک کھلونا ہے، سفر میں دھوپ تو ہوگی، آنکھ اور خواب کے درمیاں... |
| انتقال | : | ۸؍فروری ۲۰۱۶ء ممبئی میں |

- ہر گروہ تیار کردہ سوانحی نوٹ نمائش کرے اور پیش کرے۔
- استاد کا نمونہ چارٹ پر نمائش کرے۔
- بچّے تخلیقات زیادہ بہتر بنائیں۔

## ندا فاضلؔی

ندا فاضلؔی کی پیدائش دلّی میں ہوئی۔ ان کا شمار جدید شعراء میں ہوتا ہے۔ ان کی شاعری کی زبان عام فہم اور آسان ہے۔ ندا فاضلؔی نے اپنی نظموں میں دورِ حاضر کے حالات کا بھی جائزہ لیا ہے۔ شاعری میں ایک ایسی مٹھاس ہے جو قاری کے دل کو اپنی طرف کھینچتی ہے۔ ۲۰۱۳ء میں انھیں پدم شری ایوارڈ سے بھی نوازا گیا ہے۔

# افسانہ/ کہانی

ہماری درسی کتاب میں انسانیت کا جامہ، جینا سکھایا، انڈا ہے یا دانہ تین کہانیاں شامل کیا گیا ہے۔ کہانی پڑھ کر یا سن کر مفہوم سمجھنا، کرداروں پر نوٹ تیار کرنا، مختلف عنوان تجویز کرنا، کہانی نگاروں پر نوٹ تیار کرنا، اشارے کی مدد سے کہانی تیار کرنا وغیرہ صلاحتیں بچّوں میں پیدا کرنا اس کا مقصد ہے۔ اس کے لیے مختلف سرگرمیاں عمل میں لا سکتے ہیں۔

## معیّن صلاحیتیں

- ❖ کہانی پڑھ کر مفہوم سمجھنے کی صلاحیت۔
- ❖ کہانی پڑھ کر کردار پر نوٹ تیار کرنے کی صلاحیت۔
- ❖ اشاروں کی مدد سے کہانی تیار کر کے فطری انداز میں پیش کرنے کی صلاحیت۔

## سرگرمی :

ا۔ کرداروں پر نوٹ تیار کرنا۔

## سرگرمی کے مختلف مراحل

- ❖ استاد بچّوں سے کہے کہ بچّو، ہماری درسی کتاب میں کتنی کہانیاں شامل ہے؟ وہ کیا کیا ہیں؟
- ❖ بچّے جواب دیں۔ استاد بورڈ پر نوٹ کرے۔

جیسے : انسانیت کا جامہ، جینا سکھایا، انڈا ہے یا دانہ

- ❖ انسانیت کا جامہ ایک مشہور کہانی ہے۔ وہ کس کی لکھی ہوئی ہے؟
- ❖ بچّے جواب دے 'علی عبّاس حسینی'
- ❖ کہانی کے کرداروں کے نام بتانے کو کہے ۔
- ❖ چند بچّے پیش کرے۔ استاد نوٹ کرے

جیسے : وحید، جہاں آرام بیگم، حمید، وحید کے والدین

- استاد چند سوالات پوچھے

جیسے : وحید کون تھا؟

وہ پڑھائی میں کیسا تھا؟

مزید تعلیم کے لیے وہ کہاں گیا تھا؟

پڑھائی کے دوران کس کے ساتھ شادی ہوئی؟

شادی ہونے کے بعد اپنی بیوی کے ساتھ گھر آنا وہ نہیں چاہتا تھا؟ کیوں؟

آخر بیوی کو ساتھ لے کر گھر آنے پر مجبور ہو گیا۔ کیوں؟

- استاد کہانی کا مفہوم کلاس میں پیش کرنے کی ہدایت دے۔
- ایک یا دو بچّے پیش کرے۔ استاد حسبِ موقع مدد دے۔
- استاد تعلیمی سرگرمی چارٹ پر نمائش کرے۔

| بچّو، کہانی 'انسانیت کا جامہ' کا کون سا کردار آپ کو زیادہ پسند آیا؟ کیوں؟ |
|---|

- بچّے انفرادی طور پر جواب لکھے۔
- کہانی کاروں کے نام بچّوں کو گروہ بندی کرے۔

پریم چند، علی عبّاس حسینی، عصمت چغتائی، سعادت حسن منٹو

- تیار شدہ نوٹ گروہ میں بحث کرے اور بہتر بنائے۔
- گروہ کا نمائندہ کلاس میں پیش کرے۔
- استاد کا نمونہ چارٹ پر نمائش کرے۔
- بچّے غور سے پڑھے اور اپنی تخلیقات زیادہ بہتر بنائے اور 'میری پیاری کتاب' میں لکھے۔

نمونہء استاد

## جہاں آرا بیگم

میں اس کہانی کا کردار جہاں آرا بیگم کو زیادہ پسند کرتا ہوں کیوں کہ وہ بدیسی ہو کر بھی ہندوستانی عورت بننے کی کوشش کرتی ہے۔ اپنے شوہر کی بدگمانی دور کرنے میں کامیاب ہوتی ہے۔ شوہر سمجھتا تھا کہ میری بیوی ہندوستانی نہیں۔ اس لیے ہماری تہذیب پسند نہیں کرتی ہوگی۔ بیوی کو اپنے گھر دکھانے کو بھی نہیں چاہتا تھا۔ مگر اپنی ساس کی خط پر سسرال والوں کی پیار و محبت سمجھتی ہے۔ اپنے شوہر کو مجبور کر کے سسرال جانے کے لیے تیار ہوتی ہے اور شوہر کے خاندان والوں کی پیار و محبت میں لگی رہتی۔ یعنی ایک ہندوستانی عورت بن کر وحید کا ائی سی ایس کا جامہ اتار لیتی ہے اور انسانیت کا جامہ پہناتی ہے۔

## دیگر تعلیمی سرگرمیاں

- ☆ بیگم نے کہا ''انسانیت کا جامہ نہ کہنے ائی سی ایس کا جامہ کہیے۔'' بچّو، اس کہانی کو آگے بڑھائیے۔
- ☆ بچّو، اس کہانی کے لیے اور ایک عنوان تجویز کیجیے۔
- ☆ کہانی کاروں کی فہرست تیار کیجیے۔ کسی ایک پر پانچ جملے لکھیے۔
- ☆ کہانی 'جینا سکھایا' کے لیے اور ایک عنوان تجویز کیجیے۔

## سرگرمی ۲ کہانی کو آگے بڑھانا

# سرگرمی کے مختلف مراحل

- استاد ذیل کی عبارت چارٹ پر نمائش کرے یا بورڈ پر لکھے۔

| |
|---|
| وہ پیدل چل کر دربار آیا اس کی کمر بالکل سیدھی تھی۔ آنکھوں کی روشنی بہت تیز تھی۔ سننے کی طاقت بالکل ٹھیک تھی اور آواز بھی بڑی گرجدار تھی۔ |

- استاد بچّوں کو عبارت پڑھنے کی ہدایت دے۔
- تمام بچّے غور سے عبارت پڑھے۔
- استاد بھی فطری انداز میں عبارت پڑھے۔ بعد میں چند سوالات پوچھے

جیسے : یہ عبارت کس افسانہ سے ماخوذ ہے؟

یہ افسانہ کس نے لکھا ہے؟

عبارت میں کس آدمی کے بارے میں بحث کیا ہے؟

وہ آدمی کہاں بلایا گیا تھا؟ اور کیوں بلایا گیا تھا؟

- استاد 'ٹالسٹائی' کی کہانی 'انڈا ہے یا دانہ' کے مفہوم پیش کرنے کو کہے۔ دو تین بچّے پیش کرے۔
- استاد حسبِ موقع مدد دے۔
- استاد تعلیمی سرگرمی چارٹ پر نمائش کرے۔

| |
|---|
| 'بادشاہ نے بڑے میاں سے پوچھا ''آپ کا بیٹا تو پوتے سے کہیں بہتر ہے لیکن آپ بالکل ٹھیک ہے۔ آخر اس کی وجہ کیا ہے؟'' <br> اس نے کہا ''آج کل لوگوں نے محنت کرنا چھوڑ دیا اور دوسروں کی محنت کی محتاج بن گئے۔'' <br> یہ سن کر بادشاہ نے کیا سوچا ہوگا؟ کہانی کو آگے بڑھانے کی کوشش کیجیے۔ |

- بچّے انفرادی طور پر کہانی لکھنے کی کوشش کرے۔
- استاد حسبِ موقع مدد سے۔
- مختلف دانوں کے نام بچّوں کی گورہ بندی کرے۔

| |
|---|
| جیسے : چاول، گیہوں، دال، رائی |

ہر بچّے اپنی تخلیق گروہوں میں پیش کرے اور بہتر بنائیں۔

- گروہ کے نمائندہ کلاس میں پیش کرے۔
- استاد کا نمونہ چارٹ پر نمائش کرے۔
- بچّے اپنی تخلیقات زیادہ بہتر بنائے اور 'میری پیاری کتاب' میں لکھیں۔

### نمونہء استاد

بڑے میاں کے جواب سن کر راجا تعجب ہوا۔ اس نے سوچا ''میری رعایا بھی بڑے میاں کی طرح صحت مند ہونا ضروری ہے۔ بادشاہ اور بڑے میاں بہت دیر تک باتیں کرتا رہا۔ راجا کے دل میں اپنی رعایا کی صحت کا خیال تھا۔ انھوں نے اپنے ملک کے سارے افسروں کو دربار میں بلایا۔ اس جلسے میں بڑے میاں بھی حاضر تھے۔ بڑے میاں اپنی زندگی کے چند واقعات بیان کرے۔ تمام افسر لوگ غور سے سنتے رہے۔ بڑے میاں سے متاثر ہو کر دیس کے تمام لوگ محنت کرنے لگے اور اپنی صحت اور ملک کی ترقی میں کافی اضافہ ہو گیا۔

## دیگر تعلیمی سرگرمیاں

☆ 'انڈا ہے یا دانہ' اس کہانی کے لیے ایک عنوان تجویز کیجیے۔

☆ ٹالسٹائی جیسے کہانی کار اردو میں بھی ہیں۔ کسی چار افسانہ نگاروں کے نام لکھیے۔ کسی ایک پسندیدہ افسانہ نگار پر ایک نوٹ لکھیے۔

☆ اپنی پوتی کی کہانی سن کر گووند نے کیا سوچا ہوگا؟ اپنے خیالات تین جملوں میں لکھیے۔

☆ ''لوگ کہتے ہیں کہ پیڑ کی نہ آنکھیں ہیں نہ کانیں اور نہ سن سکتا ہے نہ دیکھ سکتا ہے اور نہ ہی کچھ بول سکتا ہے۔ مگر اسی پیڑ نے مجھے جینا سکھایا۔''

ظفر علی نے کیوں ایسا سوچا؟

# گفتگو

درسی کتاب میں 'مٹی کی سوندھی خوشبو' کاشت کاری کی اہمیت بیان کرنے والی گفتگو ہے۔ موڈیول 'چل کر بستی دیکھیں' اور ایک گفتگو ہے۔ اس میں محنت کو برقرار رکھنے کے لیے ورزش اور یوگا کی ضرورت پر زور دیا گیا ہے۔

## معیّن صلاحیتیں

- موضوع سے متعلقہ گفتگو سن کر اور پڑھ کر مفہوم سمجھنے کی صلاحیت۔
- موضوع سے متعلقہ محل اور موقع کے مطابق گفتگو تیار کرکے پیش کرنے کی صلاحیت۔

## سرگرمی : ۱ گفتگو تیار کرنا۔

## سرگرمی کے مختلف مراحل

- استاد بچّوں سے کہے کہ موڈیول دلّی چلیں غور سے پڑھیں اور مفہوم سمجھیں
- کلاس میں موڈیول کا پس منظر پر چرچا کریں۔
- چند سوالات پیش کرے۔

جیسے : قطار میں کھڑے ہو کر نہال احمد نے کیا سوچا؟
پریڈ میں حصّہ لینے کے لیے کن کن طلبا کو منتخب کیا گیا ہے؟
نہال احمد اور ارون بابو کہاں جاتے ہیں؟
سفر کون سی گاڑی میں ہوگی؟
کہاں سے؟
سفر کب شروع ہوگا؟
کون کون ساتھ جائیں گے؟ وغیرہ

- بچّے ان سوالوں کے جواب دیں۔

❖ تعلیمی سرگرمی چارٹ پر لکھ کر پیش کرے۔

☆ یومِ جمہوریہ کے پریڈ میں حصّہ لینے کی خبر ملنے کے بعد دلّی جانے کی خوشی میں ارو بابو اور نہال احمد آپس میں باتیں کر رہے ہیں۔ دونوں کی گفتگو تیار کریں۔

❖ بچّے انفرادی طور پر گفتگو تیار کرے۔

جیسے : لال قلعہ، تاج محل، قطب مینار، چار مینار، ایلورا، اجنتا

❖ چند بچّے پیش کریں۔

❖ تاریخی عمارتوں کے نام بچّوں کو گروہ بندی کرے۔

❖ تیار کردہ گفتگو گروہ میں پیش کریں اور چرچا کر کے بہتر بنائیں۔

❖ ہر گروہ کلاس میں پیش کرے۔

❖ ٹیچر ورژن بھی پیش کرے۔

❖ بچّے اپنی اپنی تخلیقات بہتر بنائیں اور 'میری پیاری کتاب' میں لکھیں۔

نمونہء استاد

| | |
|---|---|
| نہال احمد : | ارون! ہم کیسے جائیں گے؟ |
| ارون بابو : | ماسٹر نے کہا تھا کہ فوراً ریل گاڑی رسرویزشن کرنا ہے۔ |
| نہال احمد : | مجھے ابّا جان کو اطلاع دینا ہے۔ ہوسکتا ہے تو ان کو بھی ساتھ لے جانا ہے۔ |
| ارون بابو : | سفر کتنے دن لگے گا؟ |
| نہال احمد : | پتہ نہیں، دس پندرہ دن ضرور ہوگا۔ |
| ارون بابو : | مجھے گھر جانا ہے۔ |
| نہال احمد : | کیوں؟ اتنی جلدی؟ |
| ارون بابو : | ہاں! نہال ماں سہ بھی کہنا ہے۔ |

## دیگر تعلیمی سرگرمیاں

☆ ساجن اپنی امّی کے ساتھ بازار گیا۔ وہاں کے مناظر دیکھ کر اس کا دل دہل گیا۔ گھر لوٹتے وقت وہ امّی سے شہر کے بارے میں باتیں کرنے لگا۔ دونوں کی گفتگو تیار کریں۔

☆ وحید کے کمرے میں داخل ہو گیا اور بیوی سے کہا۔'' اس ماحول اور فضا نے ............... مجھے انسانیت کا جامہ اتارنے پر مجبور کیا۔''

بیگم نے جواب دیا ''انسانیت کا جامہ نہ کہیے، ائی سی ایس کا جامہ کہیے۔''

اس گفتگو کو آگے بڑھائیے۔

☆ انجلی کی کہانی سن کر دادا جان نے کیا کیا باتیں کی ہوگی؟ دونوں کی گفتگو تیار کریں۔

☆ گرو طبیب علی خان یوگا کے بارے میں بیان کر رہے ہیں۔سلیمہ پروین ابّا جان کے ساتھ یوگا کی محفل میں بیٹھ گئے۔

وہ 'گرو' سے یوگا کے بارے میں باتیں کرنے لگا۔ دونوں کی گفتگو تیار کریں۔

☆ گاندھی پارک میں لوگ طرح طرح کی ورزشیں کر رہے ہیں۔ ان کو دیکھ کر تسلیم پروین حسین صاحب سے باتیں کرنے لگی۔ دونوں کی گفتگو تیار کریں۔

☆ چھٹیاں منانے کے لیے انجلی ماں باپ کے ساتھ دادا جان کے گاؤں پہنچی۔ وہاں کے نظارے دیکھ کر وہ اپنی سہیلی نازنین کو فون کرنے لگی۔ دونوں نے ٹیلی فون میں کیا کیا باتیں کی ہوگی؟ دونوں کی گفتگو تیار کریں۔

# بیانیہ/مضمون

درسی کتاب میں مختلف سرگرمیوں کے ذریعے بچّوں میں مختلف صلاحیتیں پیدا کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس میں بیانیہ، مضمون،نوٹ وغیرہ ذمرّوں کو بہت اہمیت دی گئی ہے۔

## معیّن صلاحیتیں

- ❖ موضوع سے متعلقہ بیانیہ/مضمون سن کر اور پڑھ کر مفہوم سمجھنے کی صلاحیت۔
- ❖ موضوع سے متعلقہ بیانیہ/مضمون تیار کرکے پیش کرنے کی صلاحیت۔

**سرگرمی ۱** شہری اور دیہاتی زندگی کے بارے میں نوٹ تیار کرنا۔

## سرگرمی کے مختلف مراحل

- ❖ شہر اور دیہات کے متعلق چند سوال بچّوں سے پوچھے

جیسے : کیا آپ نے شہر/گاؤں دیکھا ہے؟
کیا شہر اور گاؤں کے بارے میں بتا سکتے ہیں؟
شہر میں رہنے والے زندگی کیسے گزرتی ہے؟
پانی کیسا ہے اور ہوا کیسی ہے؟
نظارے کیسے ہیں؟
کون کون سے آبی ذرائع ہے؟

- ❖ بچّے جواب دیں۔ استاد چارٹ کرے۔
- ❖ بعد میں تعلیمی سرگرمی چارٹ پر لکھ کر نمائش کرے اور کہے کہ ایک نوٹ تیار کریں۔

| |
|---|
| ☆ آپ جانتے ہوں گے کہ شہری اور دیہاتی زندگی میں بہت سے فرق ہوتے ہیں۔ ان میں آپ کون سی زندگی پسند کرتے ہیں؟ کیوں؟ |

- بچّے انفرادی طور پر نوٹ تیار کریں اور چند بچّے پیش کریں۔
- مختلف آبی ذرائع کے نام بچّوں کی گروہ بندی کرے۔

جیسے : ندی، نالے، کنواگس، تالاب، ساگر وغیرہ

- گروہ میں نوٹ پیش کریں اور بہتر بنائیں۔ ہر گروہ پیش کرے۔
- ٹیچر ویرشن پیش کرے۔
- بچّے اپنی اپنی تخلیقات بہتر بنائیں۔ استاد ان کی مدد کرے۔

نمونہء استاد

دیہاتی اور شہری زندگی میں بہت سے فرق ہوتے ہیں۔ دیہات میں صاف ستھرا پانی، اچھی ہوا میسر ہے۔ وہاں مختلف قسم کے پیڑ پودے، پھل، پھول، اناج، ترکاریاں وغیرہ ہیں۔ شہر میں ہر طرف آلودگی ہوتی ہے۔ اچھا پانی میسر نہیں ہے۔ پیڑ پودوں کی جگہ اونچی اونچی عمارتیں ہیں۔ ندی نالوں میں پانی کی جگہ کوڑے کرکٹ کے انبار ہوتے ہیں۔ اس لیے پینے کا پانی کے لیے بھی پیسہ خرچ کرنا پڑتا ہے۔ شہر میں پُر لطف ماحول نہیں ملتا ہے۔ میرے خیال میں یہاں جینا دشوار ہے۔ اس لیے میں دیہاتی زندگی پسند کرتا ہوں۔

# دیگر تعلیمی سرگرمیاں

☆ آج کل ندی نالے کچرا ڈالنے کی جگہ بن گئے ہیں۔ ظفر علی کے اس قول پر اپنے خیالات لکھیں۔

☆ ''چھوٹی چھوٹی دکانوں کی جگہ اب عالی شان عمارتیں نظر آرہی ہیں۔'' گاؤں کی بدلتی ہوئی صورت دیکھ کر ظفر علی حیران رہ گیا۔ کیوں؟

☆ سدرشن فاخر مشہور گیت کار ہیں۔ اسی طرح کے کئی گیت کار بھی ہیں۔ کسی ایک گیت کار پر نوٹ لکھیے۔

☆ آپ کے آس پاس کئی غریب لوگ رہتے ہوں گے۔ ان کے لیے آپ کیا کیا کر سکتے ہیں؟

| | |
|---|---|
| اشارے : | بھوک مٹانا، کپڑے، گھر، بچّوں کی پڑھائی، پانی، علاج |

جیسے : ان کی بھوک مٹانے کے لیے کھانے کی چیزیں دے سکتے ہیں۔

..................................................................................

..................................................................................

..................................................................................

☆ گووند کہتا ہے کہ'' میں ابھی تندرست ہوں۔ میں نے ابھی تک نہ کسی ڈاکٹر سے علاج کروایا نہ کوئی دوا لی۔'' ان کی تندرست کی وجوہات کیا کیا ہوگی؟

☆ حسین صاحب کہتا ہے کہ'' میں کل سے روزانہ ورزش اور یوگا شروع کروں گا۔ آخر یہ دوائیں کب تک لیتا ہوں۔''

بچّو، ورزش کرنے سے کیا کیا فائدے ہوتے ہیں؟

☆ ہمیں ورزش کرنے سے بہت فائدے ملتے ہیں۔'یوگا' ایک ورزش ہے۔

بچّو،'یوگا' کے بارے میں آپ کیا کیا جانتے ہیں؟

# اخباری رپورٹ

## معیّن صلاحیتیں

❖ موضوع سے متعلقہ اخباری رپورٹ تیار کرنے کی صلاحیت۔

## سرگرمی : ۱۔ اخباری رپورٹ تیار کرنا۔

☆ بچّو، آپ کے گاؤں میں اگر ساجن جیسے ایک غریب لڑکے نے ائی اے ایس حاصل کیا تو اس کی خوشامدی کے لیے ایک جلسہ منعقد ہوا ہوگا۔ اس کے لیے ایک اخباری رپورٹ تیار کیجیے۔

اشارے : جگہ، تاریخ، صدارت کی کرسی، افتتاح، عنوان

## سرگرمی کے مختلف مراحل

❖ استاد اردو کے چند اخبار بچّوں میں بانٹ دے اور ایک خبر غور سے پڑھنے اور مفہوم سمجھنے کی ہدایت دے۔

❖ استاد ائی اے ایس حاصل شدہ ساجن کے بارے میں تیار کردہ اخباری رپورٹ چارٹ پر نمائش کرے۔

### جھونپڑی میں ائی اے ایس کا مٹھاس

کوچن: ۲۰/ جولائی شہر میں جھاڑو لگانے والی لکشمی کا بیٹا ساجن ائی اے ایس میں کامیاب ہوا۔ شہر سے کافی دور ایک جھونپڑی میں رہنے والی لکشمی اپنے شوہر کی موت کے بعد شہر میں جھاڑو لگا کر زندگی بسر کرتی تھی۔ غریبی کی حالت میں بھی اپنے بیٹے کی پڑھائی میں دھیان رکھتی تھی۔ ساجن بڑا عقلمند اور سمجھدار لڑکا تھا۔ اس لیے اس کے تمام اساتذے ساجن پر غور کرتے تھے۔ خبر پا کر وزیرِ تعلیم اور ایم ایل اے، صدرِ پنچایت اور چینل والے وغیرہ جھونپڑی میں آ گئے۔ ساجن نے ان سے کہا کہ میری کامیابی کے پیچھے ماں اور میرے پیارے اساتذوں کی ہاتھ ہے۔

- بچّے غور سے اخباری رپورٹ پڑھے۔
- دو تین بچّوں سے پڑھائیں۔
- استاد چند سوالات پوچھے کہ

جیسے : ساجن کس کا بیٹا ہے؟

ساجن کی ماں کی حالت کیسی تھی؟

ساجن کی پالن پوشن کس طرح ہوا؟

خبر پاکر اس کے گھر میں کون کون آ گئے؟

چینل والوں سے ساجن نے کیا کہا؟

- بچّے انفرادی طور پر سوالوں کے جواب دے۔
- استاد بچّوں سے کہے ''بچّو! صدرِ پنچایت کی کوشش سے ساجن کی خوشامدی کے لیے ایک جلسہ ضرور منعقد کیا ہوگا''
- استاد تعلیمی سرگرمی چارٹ پر نمائش کرے۔

| |
|---|
| بچّو، آپ کے گاؤں میں اگر ساجن جیسے ایک غریب لڑکے نے ائی اے ایس حاصل کیا تو اس کی خوشامدی کے لیے ایک جلسہ منعقد ہوا ہوگا۔ اس کے لیے ایک اخباری رپورٹ تیار کیجیے۔ |
| اشارے : جگہ، تاریخ، صدارت کی کرسی، افتتاح، عنوان |

- بچّے انفرادی طور پر رپورٹ تیار کرے۔
- مختلف اردو اخباروں کے نام بچّوں کو گروہ بندی کرے۔

جیسے : انقلاب، اعتماد، ہندوستان ٹائمز، سالار، پاسبان، قومی آواز، آگ ............

- تیارکردہ رپورٹ گروہ میں بحث کرے اور بہتر بنائے۔
- گروہ کے نمائندہ کلاس میں پیش کرے۔

- دوسرے گروہ جائزہ لے۔
- استاد کا نمونہ کلاس میں پیش کرے۔
- بچّے اپنی رپورٹ زیادہ بہتر بنائے اور 'میری پیاری کتاب' میں لکھے۔

## دیگر تعلیمی سرگرمیاں

☆ یومِ کاشت کاری میں آپ کے اسکول میں بھی ایک پروگرام منعقد کرنے والا ہے۔ وزیرِ زراعت، ایم ایل اے، صدرِ پنچایت اور ایوارڈ یافتہ کسان وغیرہ اس میں شریک ہوگا۔ اس پروگرام کی اخباری رپورٹ تیار کیجیے۔

☆ ذیل کی پوسٹر غور سے پڑھیے اور اس کی اخباری رپورٹ تیار کیجیے۔

نیشنل ایوارڈ یافتہ اساتذوں کا

**شاندار استقبال**

بروز بدھوار ۱۴؍دسمبر ۲۰۱۶ء شام کو چار بجے

ٹاؤن ہال کالی کٹ

افتتاح : جناب رویندرہ ناتھ (وزیرِ تعلیم، کیرالا)

صدارت : جناب ایم کے منیر (ایم ایل اے)

عظیم شخصیتیں شریک ہوتے ہیں

تمام حضرات شرکت فرمائیں — خوشامدی کمٹی

# خط

خط ادب کا ایک قسم ہے۔ اردو ادب میں خطوط نگاری کا بہت بڑا مقام حاصل ہے۔ مرزا اسداللہ خان غالبؔ ، مولانا ابو الکلام آزادؔ جیسے عظیم ادیب لوگوں نے اس صنف کو ادب کی بلندی پر پہنچا دیا ہے۔

ہماری نصاب میں خط تیار کرنے کے لیے کافی سرگرمیاں لا سکتے ہیں۔ افسانہ ' انسانیت کا جامہ' میں خط کا ذکر کیا گیا ہے۔

**معیّن صلاحیت :**

- موضوع سے متعلقہ خطوط تیار کرنے کی صلاحیت۔

**سرگرمی** : ابّا کے نام خط تیار کرنا۔

**سرگرمی کے مراحل :**

- بچّوں سے سوال پوچھے کہ دور رہنے والوں کو ہم کیسے خبر پہنچاتے ہیں؟
- بچّوں کے جواب چارٹ کرے۔

جیسے : ای میل کے ذریعہ ، ایس۔ایم۔ایس۔، واٹس آپ ، ٹویٹر ، فیس بُک ، خط ، فون ، قاصد وغیروں کے ذریعہ.....

ان میں عام لوگ کیا ذریعہ استعمال کرتے ہیں؟

- بعد میں چند خطوط کے نمونے دکھا کر خط کے اجزا پر چرچا کرے۔

ان خطوط میں عام طور پر کیا کیا باتیں ہیں؟ وہ کہاں کہاں لکھے گئے ہیں؟

- استاد تعلیمی سرگرمی چارٹ پر نمائش کرے۔

☆ یومِ جمہوریہ کے شاندار پریڈ میں حصّہ لینے کے لیے دہلی میں جانے کو اپنے اسکول سے آپ منتخب کیے گئے تو اس خوشی کی خبر بتاتے ہوئے اپنے ابّا کے نام ایک خط تیار کریں۔

- بچّوں سے چند سوالات پوچھے۔ جیسے : دہلی کب جائیں گے؟
کہاں سے کونسی گاڑی میں روانہ کریں گے؟
ساتھ کون کون آئیں گے؟ وغیرہ وغیرہ...
- بچّے انفرادی طور پر خط تیار کریں اور پیش کریں۔
- پھر مختلف خبر رسائیوں کے نام گروہ بندی کرے۔
- ہر گروہ ایک بہترین خط تیور کریں اور کلاس میں نمائش کر کے پیش کریں۔
- استاد نمونے کے طور پر ایک خط نمائش کرے اور پڑھنے کا موقع دے۔
- بچّے 'میری پیاری کتاب' میں اپنا خط بہتر بنا کر لکھیں۔

## نمونہء استاد

کوچن ،

۱۵/جنوری ۲۰۱۷ء

پیارے ابّا جان ، آداب!

امید ہے کہ آپ بخیر ہوں گے! یہاں ہم سب بہت خوش ہیں۔ اسکول میں امتحان ہو چکے تھے۔ میں اور بہنا اپنے اپنے کلاس میں اب بھی اوّل آئے۔ اب میرے خط لکھنے کا ارادہ اور ایک ہے کہ میں بڑی خوشی کی خبر آپ کو دے دوں! اگلے یومِ جمہوریہ کے شاندار پریڈ میں حصّہ لینے کی خوش نصیبی مجھے مل گئی ہے۔

اگلے ہفتے میں دہلی کو جاؤں۔ میرے ساتھ اسکول کے دوسرے تین این۔سی۔سی۔ کیڈٹز بھی ہوں گے۔ اساتذہ ہماری رہنمائی کریں گے۔ ہم ریل گاڑی میں سفر کریں گے۔امید ہے کہ آپ کی دعائیں ہوں گی۔

پیار و خلوص کے ساتھ

بیٹا امین احمد

## دیگر سرگرمیاں :

☆ وحید نے اپنے باپ کے نام خط لکھا کہ ''بس کوئی پندرہ دن میں ہم وہاں پہنچ جائیں گے۔ بعد میں صحیح تاریخ کی اطلاع کروں گا۔''

بچّو ، وحید نے خط میں اور کیا کیا لکھا ہوگا؟ خط تیار کریں۔

☆ ساجن آئی۔اے۔ایس۔ کا امتحان کامیاب ہو کر اپنے گاؤں واپس آیا۔گاؤں والوں نے اسے خوب استقبال کیا۔ اخبار میں رپورٹ دیکھ کر دوست اشفاق احمد لکھنؤ سے مبارکباد دیتے ہوئے اس کے نام ایک خط لکھ رہا ہے۔

اشفاق نے خط میں کیا کیا لکھا ہوگا؟ اس کا خط تیار کریں۔

☆ چھٹیاں منانے کے لیے انجلی ماں باپ کے ساتھ اپنے داداجان کے گاؤں پہنچی۔ وہاں کے خوش نما نظارے ، ہریالی کھیت اور کھیتی باڑی دیکھ کر وہ بہت خوش ہوتی ہے۔ اس کا مزہ لے کر وہ اپنی سہیلی نادرہ پروین کے نام ایک خط لکھ کر بھیجتی ہے۔

بچّو، انجلی نے خط میں اپنے داداجان کے گاؤں کے بارے میں کیا کیا لکھا ہوگا؟ خط تیار کریں۔

☆ یوگا سے متاثر ہو کر حسین صاحب نے اپنے ساتھیوں سے مل کر گاؤں میں ایک ہیلتھ کلب کی تشکیل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس کے افتتاحی جلسے میں شرکت کرنے کے لیے دعوت دیتے ہوئے تسلیمہ پروین یوگا گرو کے نام خط لکھ رہی ہے۔

بچّو ، خط تیار کرنے میں اس کی مدد کریں۔

☆ نازنین اپنے اساتذہ اور دوستوں کے ساتھ دہلی سے واپس آئی۔ دہلی میں اس نے بہت سارے نظارے دیکھے ہیں۔ یومِ جمہوریہ کے شاندار پریڈ میں حصّہ لیا۔مختلف تاریخی عمارات اور مقامات کی سیر کی۔ گھر پہنچ کر وہ اپنے والد کے نام سفر کے تجربات بیان کرتے ہوئے خط لکھنے لگی۔

بچّو ، نازنین نے خط میں کیا کیا بیان کیا ہوگا؟ تیار کریں۔

# SAMPLE QUESTION PAPER

Score : 40 **URDU** Time : 1:30 Hrs

۱) نیچے دیے گئے شعر غور سے پڑھیے اور اس کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 4

قیدِ حیات وبندِ غم اصل میں دونوں ایک ہیں
موت سے پہلے آدمی غم سے نجات پائے کیوں؟

یا

ہر آن ٹوٹ پڑتا ہے روٹی کے خوان پر
جس طرح کتّے لڑتے ہیں ایک استخوان پر

۲) روی شنکر کے کہنے پر گووند کلکتہ جانے کے لیے تیار نہیں ہوا۔ آخر انجلی نے دادا جان سے اس بات پر چرچا کیا۔ اس وقت دونوں کی گفتگو کیا ہوئی ہوگی؟ تیار کیجیے۔ 4

دادا جان : .........................................

انجلی : .........................................

۳) کہانی 'انڈا ہے یا دانہ' کے لیے اور ایک عنوان تجویز کیجیے۔ 1

۴) ڈراما دستک آپ کو کیسا لگا؟ اس میں آپ کا پسندیدہ کردار کون ہے؟ کیوں؟
اپنے خیالات تین جملوں میں لکھیے۔ 4

۵) خانہ 'الف' کو خانہ 'ب' سے ملایئے۔ 2

| الف | ب |
|---|---|
| کاغذ کی کشتی | ظفر علی |
| جینا سکھایا | سُدرشن فاخر |
| انسانیت کا جامہ | نظیر اکبرآبادی |
| ستاتی ہے مفلسی | علی عباس حسینی |

۶) ساجن ای اے ایس پاس ہوا اور کلکٹر بن گیا۔ ساجن اور امّی کی زندگی خوشی سے گزرنے لگی۔
بچّو، ساجن اور امّی کی زندگی کیسے آگے گزری ہوگی؟ کہانی آگے بڑھائیے۔ 4

۷) آپ نے بھی اپنی زندگی میں کوئی سفر ضرور کیا ہوگا۔ اپنے پسندیدہ سفر کے حالات بیان کرتے ہوئے ایک سفر نامہ تیار کیجیے۔ 4

یا

یومِ جمہوریہ کے پریڈ میں شرکت کرکے نہال احمداور اس کے دوست گھر واپس آئے۔
نہال احمد سفر کے حالات بیان کرکے اپنے باپ کے نام خط لکھنا چاہتا ہے۔
خط لکھنے میں اس کی مدد کیجیے۔

۸) اردو میں حبِ وطن پر لکھی ہوئی کئی نظمیں ہیں۔ ان میں سے کسی ایک ایک شعر لکھیے۔ 2

۹) عبارت پڑھ کر چار سوالات تیار کیجیے۔ 4

سدرشن فاخؔر فروز پور (پنجاب) میں پیدا ہوئے۔ انھوں نے غزل، گیت اور نظمیں لکھی ہیں۔ ان کی غزلوں اور گیتوں کو بیگم اختر اور جگ جیت سنگھ نے اپنی سریلی آواز دے کر عوام میں مقبول بنا دیا ہے۔ 'ہم سب بھارتی' ان کا ایک مشہور گیت ہے۔ جس کو NCC گیت کے طور پر ہندوستان کے ہر کونے میں گایا جاتا ہے۔ ۷۳ سال کی عمر میں ان کا انتقال ہوا۔

۱۰) نیچے چند شاعروں اور گلوکاروں کے نام دیے گئے ہیں۔ ان کو الگ الگ خانوں میں لکھیے۔ 2
نظیر اکبر آبادی، پنکج ادھاس، محمد رفیع، سدرشن فاخر

| شاعر | گلوکار |
|---|---|
| ................. | ................. |
| ................. | ................. |

۱۱) میدان میں یوگا گرو وطیب علی خان 'یوگا' کے بارے میں بیان کر رہے تھے۔
بچّو، آپ یوگا کے بارے میں کیا جانتے ہیں؟ چار جملے لکھیے۔ 4

# اشارے برائے گرائڈنگ

| نمبر | ڈسکورس | اشارے برائے جائزہ | نشان | کل نشان |
|---|---|---|---|---|
| 1 | نظم | شعر کے مفہوم سے متعلقہ صحیح معلومات پیش کیا ہے۔ | 2 | 4 |
| | | مناسب الفاظ، جملے اور محاورات کا استعمال کیا ہے۔ | 1 | |
| | | خیالات کو ترتیب کے ساتھ پیش کیا ہے۔ | 1 | |
| 2 | گفتگو | فطری طرزِ ادا اور وضاحت کے ساتھ پیش کیا ہے۔ | 1 | 4 |
| | | مناسب زبان کا استعمال کیا ہے۔ | 1 | |
| | | محل و موقع کے ساتھ موضوع سے مناسبت رکھا ہے۔ | 2 | |
| 3 | کہانی | موضوع سے مناسبت اور جدّت سے پیش کیا ہے۔ | 1 | 2 |
| | | مناسب زبان میں اختصار کے ساتھ پیش کیا ہے۔ | 1 | |
| 4 | ڈراما | خیالات کو وضاحت اور ترتیب کے ساتھ پیش کیا ہے۔ | 1 | 4 |
| | | خیالات کو تجزیاتی انداز میں مناسب الفاظ اور ترتیب کے ساتھ پیش کیا ہے- | 2 | |
| | | مناسب زبان کا استعمال کیا ہے۔ | 1 | |
| 5 | | الف — ب | | 2 |
| | | کاغذ کی کشتی — سدرشن فاخر | ½ | |
| | | جینا سکھایا — ظفر علی | ½ | |
| | | انسانیت کا جامہ — علی عبّاس حسینی | ½ | |
| | | ستاتی ہے مفلسی — نظیر اکبر آبادی | ½ | |
| 6 | کہانی | خیالات کو وضاحت اور جدّت سے پیش کیا ہے۔ | 2 | 4 |
| | | خیالات ترتیب کے ساتھ پیش کیا ہے۔ | 1 | |
| | | مناسب زبان کا استعمال کیا ہے۔ | 1 | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 7 | سفر نامہ | فطری طرزِ ادا اور دلکشی کے ساتھ پیش کیا ہے۔ | 2 | 4 |
| | | مناسب زبان کا استعمال کیا ہے۔ | 1 | |
| | | موضوع سے مناسبت ہے۔ | 1 | |
| | خط | اجزائے خط کی پابندی کا خیال رکھا ہے۔ | 1 | |
| | | موضوع سے مناسبت ہے۔ | 1 | |
| | | خیالات کو ترتیب اور جامعیت سے پیش کیا ہے۔ | 1 | |
| | | مناسب زبان کا استعمال کیا ہے۔ | 1 | |
| 8 | نظم | موضوع مناسبت رکھا ہے۔ | 1 | 2 |
| | | ایک شعر لکھا ہے- | 1 | |
| 9 | گفتگو | محل و موقع کے مطابق چار مکمّل سوالات تیار کیا ہے۔ | 2 | 4 |
| | | فطری انداز اور جدّت کے ساتھ پیش کیا ہے۔ | 1 | |
| | | استفہامیہ الفاظ، مناسب جملے اور محاورات کے ساتھ پیش کیا ہے۔ | 1 | |
| 10 | نظم | شاعر : نظیر اکبر آبادی، سدرشن فاخر | 1 | 2 |
| | | گلوکار : پنکج ادھاس، محمد رفیع | 1 | |
| 11 | مضمون | یوگا کے بارے میں وضاحت کے ساتھ بیان کیا ہے۔ | 2 | 4 |
| | | خیالات کو ترتیب کے ساتھ پیش کیا ہے۔ | 1 | |
| | | مناسب الفاظ اور محاورات کا استعمال کیا ہے۔ | 1 | |